پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، 21-A، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون نمبر: 042-99260209,99260270,71,72 ای میل: coe.pbte@yahoo.com, commercepbte@gmail.com

مراسلہ نمبر: پی بی ٹی ای/کامرس اینڈ ووکیشنل/2026/ 992 (SAY NO TO CORRUPTION) مورخہ: 13-10-2026

امتحانی داخلہ شیڈول برائے ووکیشنل بوائز دوسرا سالانہ امتحان 2026۔

آغاز امتحانات مورخہ: **18-12-2026**

ووکیشنل بوائز (یک سالہ)	ووکیشنل بوائز (دو سالہ) (سال اول، سال دوئم)

نمبر شمار	شیڈول برائے امتحانی داخلہ جات۔	تواریخ
1	سنگل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور سنگل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	05-11-2026
	سنگل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹالسٹ کا فائنل پرنٹ اور مینول امتحانی داخلہ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	10-11-2026
2	ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ڈبل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	12-11-2026
	ڈبل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹالسٹ کا فائنل پرنٹ اور مینول امتحانی داخلہ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	17-11-2026
3	ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن فیڈنگ اور ٹرپل فیس بینک میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	19-11-2026
	ٹرپل فیس کے ساتھ آن لائن ایڈمشن ڈیٹالسٹ کا فائنل پرنٹ اور مینول امتحانی داخلہ بمعہ اصل بنک چالان دفتر بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ۔	24-11-2026

نمبر شمار	تفصیل امتحانی فیس برائے ریگولر امیدواران (آن لائن امتحانی داخلہ جات)۔		سنگل فیس	ڈبل فیس	ٹرپل فیس	رزلٹ کارڈ فیس	ڈیٹا پراسیسنگ فیس
1	ووکیشنل بوائز (یک سالہ) اور ووکیشنل بوائز (دو سالہ) (ہر سال کی علیحدہ فیس)۔	(تھیوری)	1080/-	2160/-	3240/-	بمعہ پوسٹل چارجز	970/-
2	ووکیشنل بوائز (یک سالہ) اور ووکیشنل بوائز (دو سالہ) (ہر سال کی علیحدہ فیس)۔	(پریکٹیکل)	430/-	860/-	1290/-	540/-	
3	آن لائن امتحانی داخلہ ڈیٹا پراسیسنگ فیس مبلغ -/970 روپے۔ (دفتر بورڈ کیلئے مبلغ -/800 روپے اور ادارہ کے امتحانی ڈیٹا پراسیسنگ سٹاف + دیگر اخراجات کیلئے مبلغ -/170 روپے)۔						

نمبر شمار	تفصیل امتحانی داخلہ جات امتحانی فیس برائے پرائیویٹ امیدواران (مینول)۔		سنگل فیس	ڈبل فیس	ٹرپل فیس	رزلٹ کارڈ فیس	مینول داخلہ فارم فیس
1	ووکیشنل بوائز (یک سالہ) اور ووکیشنل بوائز (دو سالہ) (ہر سال کی علیحدہ فیس)۔	(تھیوری)	1320/-	2640/-	3960/-	بمعہ پوسٹل چارجز	100/-
2	ووکیشنل بوائز (یک سالہ) اور ووکیشنل بوائز (دو سالہ) (ہر سال کی علیحدہ فیس)۔	(پریکٹیکل)	430/-	860/-	1290/-	540/-	
3	مینول امتحانی داخلہ پراسیسنگ فیس مبلغ -/970 روپے۔						

ضروری ہدایات برائے آن لائن داخلہ

1۔ جو امیدوار داخلہ کا اہل نہ ہو اس کا داخلہ مینول یا کسی طور پر دفتر بورڈ کو نہ بھجوایا جائے۔

2۔ سال/کورس کی مقرر کردہ امتحانی فیس الگ الگ بورڈ ویب سائٹ پر دیئے گئے آن لائن چالان فارم کے تحت یونائیٹڈ بنک کی کسی بھی برانچ کے ذریعے بورڈ ہذا کے اکاؤنٹ میں جمع کروائیں۔ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے بھجوائی گئی فیس قابل قبول نہ ہوگی۔ اصل بنک چالان اور بنک چالان کی ایک فوٹو کاپی ایڈمشن ڈیٹالسٹ کے ایک فائنل پرنٹ سے منسلک کر کے دفتر بورڈ کے کمرہ نمبر 24 میں اکاؤنٹس آفیسر کے پاس جمع کروائیں نیز ایڈمیشن ڈیٹالسٹ کا دوسرا فائنل پرنٹ اکاؤنٹس آفیسر سے مہر لگوا کر کمرہ نمبر 35 میں اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (کامرس اینڈ ووکیشنل) کے پاس جمع کروائیں۔ بذریعہ ڈاک/کوریئر سروس بھجوائی گئی ڈیٹالسٹیں قابل قبول نہ ہوں گی۔ بصورت دیگر تاخیر کی تمام تر ذمہ داری ادارہ پر عائد ہوگی۔

3۔ ماسوائے مینول کورسز کے تمام امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا آن لائن فیڈ کرنا لازمی ہے۔ آن لائن ڈیٹا فیڈنگ کرتے وقت Tick/Cross احتیاط سے لگائیں کیونکہ غلط Tick/Cross لگنے کی وجہ سے کسی امیدوار کی فیس کسی دوسرے امیدوار کیلئے تبدیل نہیں ہوگی۔ مقررہ شیڈول کے بعد تمام Tick/Cross شدہ امیدواران کا ایڈمیشن ڈیٹا خود بخود Lock ہو جائے گا اور کوئی تبدیلی نہیں ہو سکے گی۔

4۔ ڈیٹالسٹیں/داخلہ فارم ادارہ کے نمائندہ کے ذریعہ بھجوائیں اور اس سلسلہ میں کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

پرائیوٹ امیدواران بورڈ ہذا کی ویب سائٹ پر دستیاب مینول داخلہ فارم پُر کرتے وقت درج ذیل ہدایات کو مدنظر رکھیں۔

1۔ مینول داخلہ فارم پر فوٹوگراف گوند کے ساتھ چسپاں کریں۔

2۔ مینول داخلہ فارم کے ہر کالم کی مکمل خانہ پری ہونی چاہیے نامکمل داخلہ فارم قابل قبول نہ ہونگے۔

3۔ مینول داخلہ فارم پر رجسٹریشن نمبر کا اندراج لازمی کریں اور رجسٹریشن کارڈ کی فوٹو کاپی بھی لف کریں۔

4۔ کمپارٹمنٹ والے طلباء اپنا سابقہ رول نمبر/سال اور فیل شدہ مضامین کا اندراج اپنے داخلہ فارم پر ضرور کریں۔ ۵۔ داخلہ فارم کالج پرنسپل یا کسی بھی گزٹیڈ آفیسر سے تصدیق کروانا لازمی ہے۔

5۔ مینول فارم کے لیے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ پر دستیاب آن لائن فیس چالان کے ذریعہ متعلقہ UBL بنک کی برانچوں میں جمع کروائیں۔

6۔ امیدوار اپنے داخلہ فارم کے ساتھ تین عدد تصاویر (ایک سامنے سے اور دو عدد پشت سے تصدیق شدہ ہو) اور تین عدد ڈاک لفافہ جات بمعہ مکمل ایڈریس اور موبائل نمبر لازمی تحریر کر کے داخلہ فارم کے ساتھ ارسال کریں۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی ایس ٹو سیکرٹری، سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ، حکومتِ پنجاب، لاہور۔

2۔ ایس اے ٹو چیئرپرسن، پی ایس ٹو چیف آپریٹنگ آفیسر، زونل ڈائریکٹر (سینٹرل، ساؤتھ اور نارتھ)، تمام ڈپٹی زونل ڈائریکٹرز اور تمام ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر ٹیوٹا۔

3۔ پی ایس ٹو چیئرمین، پی اے ٹو سیکرٹری، پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (کنڈکٹ/سیکریسی)، چیف سیکریسی آفیسر، پبلک ریلیشنز آفیسر، ویب ایڈمنسٹریٹر اور تمام متعلقہ برانچ آفیسر بورڈ ہذا۔

4۔ سربراہان تمام الحاق شدہ (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات۔